# پریس ریلیز


ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001

فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91


05 جون، 2017

## ریزرو بینک نے جالور ناگرک سہکاری بینک لمیٹڈ، جالور پر جرمانہ عائد کیا

ریزرو بینک آف انڈیا نے جالور ناگرک سہکاری بینک لمیٹڈ پر 5 لاکھ روپیہ کا مالی جرمانہ عائد کیا۔ اس نے یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(i)(c) جس کو سیکشن 46(4) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے (جیسا کہ کوآپریٹو سوسائٹیز پر نافذ) میں حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے عائد کیا ہے۔ آر بی آئی نے مذکورہ جرمانہ آر بی آئی کی ہدایات کی خلاف ورزی (i) پروڈینشیل انٹر بینک اور مجموعی ایکسپوزر لاء میں قوانین شکنی اور (ii) مجوزہ لاء سے زیادہ ڈونیشن کی بنیاد پر عائد کیا۔

بینک کے معائنہ میں ملنے والی ان غلطیوں کی بنیاد پر آر بی آئی نے وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا جس کے جواب میں مذکورہ بینک نے تحریری جواب پیش کیا اور آر بی آئی کے ڈائریکٹر کے سامنے ذاتی طور پر بھی حاضری دی۔ معاملہ کے حقائق کو جاننے اور بینک کے جواب کے پیش نظر ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہنچا کہ قانون شکنی ہوئی، اس لئے مالی جرمانہ عائد کیا۔

اجیت پرساد

معاون مشیر

پریس ریلیز:2016/2017/3281